سوال

(353) بہن کے گھر شادی میں کچھ دینا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ہم اہل حدیث شادی میں گانا،بجانا نہیں کرتے ۔ لیکن جب کسی کی بہن کے گھر شادی ہوتی ہے ۔ تو بھائی بہن اور بہنوئی کے لئے کپڑے وغیرہ لے جاتے ہیں ۔ جس کو ہندی میں ماحرہ کہتے ہیں ۔ جس شادی میں یہ رسم کی جاتی ہو وہاں جا کر ولیمہ کا کھانا درست ہے یا نہیں ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

قریبی رشتہ داروں بہن بھائیوں سے سلوک کرنے کا حکم قرآن مجید میں ہے ۔ وات ذالقربی حقہ اس لئے دینا تو منع نہیں ۔ مگر یہ ہندوانہ رسم ہے ۔ تھوڑی سی تبدیل کر دینی چاہیے ۔ ولیمہ کھانے میں کوئی حرج نہیں ۔ (اہلحدیث امرتسر 30جمادی الاخر1362ہجری)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد2ص332

محدث فتویٰ